# فارم 1: بچوں کا جائزہ / شمار کنندہ مجموعہ کتابچہ

## ابتدائی تعلیم کے معیار اور نتائج کی پیمائش(MELQO) ، جنوبی پنجاب

### ہدایات:

یہ دستاویز آپ کو 6-3 سال کے یا ابتدائی پرائمری کے بچوں کی نشوونما اور ابتدائی تعلیم کے بارے میں جانچنے کے لیے مددگار ثابت ہو گی۔ اگر سکول میں دو سال کا پری پرائمری (Pre-Primary) پروگرام ہو تو کلاس 1 سے ایک کلاس پہلے کے بچوں کا جائزہ لیں اور اگر ایک سال کا پری پرائمری ہو تو کلاس 1 کے بچوں کا جائزہ لیں۔ بچوں کے سامنے سارے سوالات پڑھیں۔ آپ کو تحریر کے دو نمونے نظر آئیں گے۔

**خانوں کے اندر موٹی تحریر جائزہ کار بچوں کے سامنے بلند آواز سے پڑھیں۔ برائے مہربانی! آپ کو جو تحریر نظر آ رہی ہے اس کو مکمل طور پر اور اسی انداز میں بچے کے سامنے اونچی آواز میں پڑھیں۔ یہ بات اہم ہے کہ تمام بچوں کے معلومات ایک ہی معیار کے مطابق جمع ہوں۔**

*ترچھی لکھائی (Italic Type) میں آپ کے لیے ہدایات ہیں۔ یہ ہدایات بچوں کے سامنے بلند آواز میں نہ پڑھیں۔*

### تاریخ:____________________

### آغاز کا وقت:____________________________

*جائزے کے دوران، بچے کی غیر جانب دارانہ حوصلہ افزائی کریں۔ اس طرح کے جملے استعمال کریں۔ "آپ بہت محنت کر رہے ہیں! شاباش"۔ بچے کو کوئی اشارہ نہ دیں کہ آپ نے درست یا غلط جواب دیا ہے۔ صرف وہاں بتائیں جہاں ہدایات دی گئی ہوں۔ دو سوالات کے درمیان میں حوصلہ افزائی کریں۔ ایک سوال کے درمیان میں کچھ نہ کہیں۔ جب بچہ اپنا کام مکمل کر رہا ہو یا سوالات کے جوابات دے رہا ہو تو اس دوران اپنے چہرے کے تاثرات کے ذریعے کوئی اشارہ نہ دیں۔*

## تسلیم و آداب / زبانی رضامندی

**میرا نام__________ ہے۔ میں ادارہ تعلیم و آگاہی میں کام کرتا / کرتی ہوں۔ ہم یہاں آج یہ جاننے کے لیے آئے ہیں کہ آپ کے جیسے بچے کیسے کھیل کھیل میں سیکھتے ہیں۔**

**میں آپ سے کہانیوں اور تصاویر کے بارے میں سوالات پوچھوں گا / گی کچھ سرگرمیاں آپ کے لیے بہت آسان ہوں گی اور کچھ مشکل۔ اگر آپ یہ سرگرمیاں نہ کر سکیں تو اس کی فکر نہ کریں۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ آپ کوشش ضرور کریں۔**

**اگر آپ رکنا چاہیں یا وقفہ لیں تو مجھے بتا کہ کر سکتے ہیں۔ اگر کسی بھی موقع پر آپ کھیل ختم کرنا چاہیں یا کسی کھیل کو بند کرنا چاہیں تو آپ کر سکتے ہیں۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ کیا آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟ کیا آپ شروع کرنے کے لیے تیار ہیں؟**

| | |
|---|---|
| اسکول کا نام ______________________ ______________________ | ای ایم آئی ایس (EMIS) ______________________<br>اسکول ID / اسکول کوڈ ______________________ |
| ضلع (ایک کو دائرہ لگائیں)<br>ٹوبہ ٹیک سنگھ　　راولپنڈی　　بہاولپور | اسکول کی قسم (ایک کو دائرہ لگائیں)<br>مخلوط تعلیم　　لڑکیاں　　لڑکے |
| تحصیل ______________________ | اسکول کی سطح (ایک کو دائرہ لگائیں)<br>پرائمری　　مڈل　　ہائی |
| گاؤں ______________________ | یونین کونسل ______________________ |

| بچے کی معلومات: | |
|---|---|
| بچے کا نام ______________________ | کلاس ______________________ |
| بچے کی جنس ______________________ | بچے کی عمر (ٹیچر سے پوچھیں) ______________________ |
| والد کا نام ______________________ | ماں کا نام ______________________ |
| گھرانہ نمبر ______________________ __ | بچے کا ID ______________________ |

زبانی رضامندی ملنے پر اس ڈبے ☐ پر نشان لگائیں۔ اگر بچے کی طرف سے زبانی رضامندی نہ ملے تو بچے کا شکریہ ادا کریں اور اگلے بچے کی طرف رجوع کریں۔

## 1-ادبی دلچسپی

مواد: شیٹ نمبر 1 ادبی دلچسپی کی اشکال

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

| | | خوش چہرہ (2) | غیر متاثر کن چہرہ (1) | اداس چہرہ (0) | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | **میں آپ سے کچھ چیزوں کے حوالے سے سوال کروں گا / گی کہ آپ ان کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں۔** اب بچے کے سامنے شیٹ نمبر 1 ادبی دلچسپی کی اشکال رکھیں۔ **ان اشکال کو دیکھیں۔** (اشکال کی طرف اشارہ کریں) **اگر میں آپ سے کچھ کہوں جو آپ کو اچھا لگے۔ اگر آپ کو بس ٹھیک لگے تو درمیان والے چہرے کی طرف اشارہ کریں اور اگر آپ کو اچھا نہ لگے تو پھر اُداس چہرے کی طرف اشارہ کریں۔** | | | | |
| 1a | **جب آپ ایک کتاب میں تصاویر دیکھتے ہیں تو آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟** | | | | |
| 1c | **آپ کیا محسوس کرتے ہیں جب کوئی آپ سے سوالات پوچھتا ہے کہ کتاب میں کیا ہوا؟** | | | | |
| 1d | **جب کوئی آپ کو کتاب سے کہانی سناتا ہے یا آپ پڑھتے ہیں تو آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟** | | | | |
| 1e | **سکول میں آپ کو آپ کی کتابیں کیسی لگتی ہیں؟** | | | | |
| 1f | **جب آپ کو کوئی کہانی سناتے ہیں تو آپ کو کیسا لگتا ہے؟** | | | | |
| 1g | **آپ کو پڑھنا لکھنا کیسا لگتا ہے؟** | | | | |
| 1h | **حروف سیکھتے ہوئے آپ کو کیسا لگتا ہے؟** | | | | |
| 1i | **سکول جاتے ہوئے آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟** | | | | |
| 1k | **آپ کو لکھنا کیسا لگتا ہے؟** | | | | |

## 2: زبان کی عکاسی

مواد: کوئی نہیں

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

| | | صحیح جواب | درست (1) | غلط (0) | اگر بچہ کچھ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | **میں اپنے جسم کے حصوں کی طرف اشارہ کروں گا / گی۔ آپ نے جسم کے اُس حصے کا نام بتانا ہے۔**<br>مثلاً: ناک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولیں کہ **یہ میری ناک ہے۔**<br>اسی طرح ایک ایک کر کے اپنے جسم کے اعضا کی طرف اشارہ کریں اور بچے سے اُس اعضا کا نام پوچھیں۔ | | | | |
| 2a | **جسم کے اس حصے کا نام بتائیں۔** (آنکھ کی طرف اشارہ کریں) | آنکھیں، پلکیں، پپوٹے | | | |
| 2b | **جسم کے اس حصے کا نام بتائیں۔** (کان کی طرف اشارہ کریں) | کان | | | |
| 2c | **جسم کے اس حصے کا نام بتائیں۔** (دانت کی طرف اشارہ کریں) | دانت، اگر بچہ منہ یا ہونٹ کہے تو ایک دفعہ اشارہ کریں | | | |
| 2d | **جسم کے اس حصے کا نام بتائیں۔** (ہاتھ کی طرف اشارہ کریں) | ہاتھ یا ہتھیلی، اگر بچہ انگلیاں کہے تو ایک دفعہ اشارہ کریں | | | |
| 2e | **جسم کے اس حصے کا نام بتائیں۔** (گھٹنے کی طرف اشارہ کریں) | گٹنا، اگر بچہ ٹانگ کہے تو ایک دفعہ اشارہ کریں | | | |

## 3: پر معنی لغت

مواد: کوئی بھی نہیں

اگر ایک بچہ کم از کم دس جانور اور کھانے کی اشیا کے نام نہیں بتا پاتا تب آپ ایک مرتبہ ترغیب دیں کہ وہ کون سی اشیا آپ کھا سکتے ہیں۔ کون سے جانور آپ بتا سکتے ہیں۔

| | | درست بتائی گئی چیزوں کی تعداد | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے(99) |
|---|---|---|---|
| 3a | جو چیزیں آپ کھاتے ہیں اُن کے نام بتائیں۔ | | |
| | جوابات لکھیے۔ زیادہ سے زیادہ 10 | | |
| 3b | مجھے جانوروں کے نام بتائیں جن کا آپ کو پتہ ہے؟ | | |
| | جوابات لکھیے۔ زیادہ سے زیادہ 10 | | |

## 4: حروف کی پہچان

مواد: شیٹ نمبر 2

ترغیب: اگر بچہ 5 سیکنڈ تک جواب نہ دے تو اگلے حرف پر جائیں

رکنے کا اصول: اگر بچہ پانچ جواب مسلسل غلط بتائے

| | **کیا اب آپ حروف کا کھیل کھیلیں گے؟** (بچے کے سامنے حروف کا صفحہ رکھیں اور دائیں کالم کو سادہ کاغذ سے ڈھانپ دیں۔ بچے سے کہیں کہ وہ بائیں کالم کے پہلا حرف پہ انگلی رکھے اور آپ اس سے پوچھیں یہ کون سا حرف ہے؟(بچہ بائیں کالم میں حروف پر اشارہ کرتے ہوئے نیچے کی جانب جائے) | | درست (1) | غلط (0) | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 4a | | b | | | |
| 4b | | s | | | |
| 4c | | a | | | |
| 4d | | t | | | |
| 4e | | m | | | |
| 4f | | u | | | |
| 4g | | d | | | |
| 4h | | v | | | |

جب بچہ بائیں جانب کا کالم ختم کرے تو آپ بائیں کالم پر سادہ صفحہ رکھ کر چھپادیں اور دائیں طرف کے پہلے حرف سے شروع کریں۔ **یہ کون سا حرف ہے؟**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | a | | 4i |
| | | | q | | 4j |
| | | | e | | 4k |
| | | | r | | 4l |
| | | | n | | 4m |
| | | | l | | 4n |
| | | | o | | 4o |
| | | | k | | 4p |
| | | | | اگر رکنے کا اصول استعمال ہوا ہے تو اُس کو لکھیں۔ | |

## 5: آوازوں کی پہچان

مواد: کوئی نہیں

اگر بچہ 10 سیکنڈ کے بعد کوئی جواب نہ دے تو اس پر "کوئی جواب نہیں" کا نشان لگائیں اور اگلے سوال کی طرف بڑھیں۔

رکھنے کا اصول: کوئی نہیں

| | مثال کے طور پر بچے سے کہیں کہ میں آپ سے "ٹ" حرف کی آواز پوچھنا چاہتی ہوں۔ اگر بچہ اس حرف کا نام بتائے تو اُسے ایک موقع دیں اور کہیں کہ یہ حرف کا نام ہے، میں آپ سے آواز پوچھ رہا ہوں۔ اگر بچہ دوسری مرتبہ بھی اس کا نام ہی بولے تو پھر اگلے حرف کی طرف بڑھیں۔ | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 5a | **"ٹ" حرف کی آواز بتائیں۔** | Produces phoneme sound correctly | | | |
| 5b | **"س" حرف کی آواز بتائیں۔** | Produces phoneme sound correctly | | | |
| 5c | **"ب" حرف کی آواز بتائیں۔** | Produces phoneme sound correctly | | | |
| 5d | **"و" حرف کی آواز بتائیں۔** | Produces phoneme sound correctly | | | |
| 5e | **"ف" حرف کی آواز بتائیں۔** | Produces phoneme sound correctly | | | |

## 6: ابتدائی آواز کی پہچان

مواد: کوئی نہیں

الفاظ کی فہرست دہرائیں اگر ضرورت محسوس ہو تو۔ اگر بچہ 5 سیکنڈ جواب نہ دے تو "کوئی جواب نہیں" پر نشان لگائیں اور اگلے سوال کی طرف بڑھیں۔

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

عام استعمال شدہ الفاظ پوچھے جائیں۔

| | | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | **مشق: آئیں ایک کھیل کھیلتے ہیں یہ سننے کی کھیل ہے۔ میں "ٹوپیاں" پسند کرتا ہوں۔ "ٹوپی" ٹ کی آواز سے شروع ہوتا ہے۔ اور کون سے الفاظ اس آواز سے شروع ہوتے ہیں؟** اگر بچہ نہ بتا سکے تو مثال دیں۔ | | | | |
| | کیا آپ کھیل کے لیے تیار ہیں؟ | | | | |
| 6a | **بلی /ب/ سے شروع ہوتی ہے۔ /ب/ سے اور کیا شروع ہوتا ہے؟** | | | | |
| 6b | **چاند /چ/ سے شروع ہوتا ہے۔ /چ/ سے اور کیا شروع ہوتا ہے؟** | | | | |
| 6c | **کتاب /ک/ سے شروع ہوتا ہے۔ /ک/ سے اور کیا شروع ہوتا ہے؟** | | | | |

## 7: تفہیم / کہانی

مواد: کوئی بھی نہیں

ہر سوال ایک مرتبہ دہرایا جائے۔

رکنے کا اصول: کوئی بھی نہیں

**میں اب آپ کو ایک دلچسپ کہانی سنانے لگی ہوں۔ کہانی کے بعد میں آپ سے سوالات پوچھوں گی۔**

**کہانی: ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک موٹی بلی تھی۔ وہ ہمیشہ لال ٹوپی پہنتی تھی۔ ایک بار وہ سو رہی تھی۔ وہاں ایک چوہا آگیا اور وہ چوہا اس کی ٹوپی اٹھا کے لے آیا۔ جب بلی اٹھی تو اپنی ٹوپی غائب دیکھ کر بہت ناراض ہوئی اور غصے میں چوہے کو ڈھونڈنا شروع کر دیا۔ چوہا میز کے نیچے پھنس گیا۔ وہاں سے وہ نکل نہیں پا رہا تھا۔ اس نے جب بلی کو دیکھا تو کہا کہ "مجھے نہ کھاؤ اگر مجھے بچاؤ گی تو میں ٹوپی واپس کر دوں گا"۔ بلی نے ٹوپی واپس لے لی اور کہا کے دوبارہ ہاتھ نہ لگانا اور خوشی خوشی سونے کے لیے چلی گئی۔**

**اب میں آپ سے سوال کروں گا / گی؟ (ہر سوال کو آہستہ اور واضح پوچھیں)**

| | ہدایات / سوالات | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | اگر بچہ کچھ کہہ نہیں سکتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 7a | **بلی کی ٹوپی کس نے چرائی؟** | چوہے نے | | | |
| 7b | **ٹوپی کا کیا رنگ تھا؟** | سرخ | | | |
| 7c | **بلی چوہے کا پیچھا کیوں کر رہی تھی؟** | کیونکہ چوہے نے ٹوپی چرالی تھی | | | |
| 7d | **بلی نے چوہے کو کہاں ڈھونڈا؟** | میز کے نیچے | | | |
| 7e | **بلی نے چوہے کو کھانے کا فیصلہ کیوں نہ کیا؟** | کیونکہ چوہے نے ٹوپی واپس کر دی | | | |

## 8: نام لکھنا

مواد / اشیا: ایک سادہ کاغذ اور پنسل

اگر بچہ ایک منٹ میں کچھ نہیں لکھتا یا دو منٹ سے زیادہ وقت لگاتا ہے تو اُسے رکنے کو کہیں اور بتائیں کہ ہم اگلی کھیل کی طرف بڑھتے ہیں۔ بچے کے سامنے سادہ صفحہ اور پنسل رکھیں۔




| | ہدایات / سوالات | | درست (1) | غلط (0) | | اگر بچہ کچھ کر کے نہیں دکھا سکتا، نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8a | اب ہم کچھ لکھنے لگے ہیں۔ یہاں اپنا نام لکھیں۔ | بچہ اپنا نام صحیح لکھے بشمول تمام حروف اور اُنکی اشکال کے | | | | |
| 8b | اگر غلط ہے تو وضاحت کریں جو بچے نے لکھا ہے۔ | | بد خط (1) | علامات (2) | نام کے حروف نہیں (3) | نام درست نہیں (4) |
| | | ایک خانہ پر نشان لگائیں | | | | |
| | * اگر ایک منٹ پر رکنے کا اصول استعمال ہوا ہے تو وضاحت کریں۔<br>* اگر دو منٹ پر رکنے کا اصول استعمال ہوا ہے تو وضاحت کریں۔ | | | | | |

## 9:	نقل کرنا

مواد:	نقل کے لیے اشکال۔ لکھنے کے لیے اشیا جن سے بچہ لکھ سکے۔ لکھنے کے لیے سخت اور ہموار سطح۔

| | **ہدایات:** | معیار | سب معیارات پورے ہوئے(1) | ایک معیار کی کمی(2) | ایک سے زیادہ معیار کی کمی(0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں پتہ یا سمجھ نہیں آئی(99) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 9a | بچے کے سامنے صفحہ رکھیں جسے اُس نے نقل کرنا ہے۔ خالی خانوں کے ساتھ صفحے پر پنسل بھی رکھیں۔ بچے کو کہیں: **اب ہم کچھ ڈرائینگ کریں گے۔ کیا آپ اس طرح کی شکل بنا سکتے ہیں؟** | -دو سطریں ایک دوسرے کو ایک درمیانی نقطے پر قطع کر رہی ہیں۔<br>-چاروں سطروں کی لمبائی تقریباً برابر ہے۔<br>-شکل کا رخ X سے ملتا ہے بجائے کے + سے | | | | |
| | | معیار | سب معیارات پورے ہوئے(1) | ایک معیار کی کمی(2) | ایک سے زیادہ معیار کی کمی(0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں پتہ یا سمجھ نہیں آئی(99) |
| 9b | بچے سے کہیں: **کیا آپ اس طرح کی شکل بنا سکتے ہیں؟(دائرے کی طرف اشارہ کریں)۔** | -ڈرائینگ گول یا خمیدہ ہے<br>-چوڑائی اور اونچائی کی 2:1 سے زیادہ نہیں ہے<br>-بند شکل / بند دائرہ | | | | |

| | | معیار | سب معیارات پورے ہوئے (1) | ایک معیار کی کمی (2) | ایک سے زیادہ معیار کی کمی (0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں پتہ یا سمجھ نہیں آئی (99) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 9c | **بولیں: کیا آپ اس طرح کی شکل بنا سکتے ہیں؟**<br>(مستقل کی طرف اشارہ کریں)<br>**آپ یہاں بنا سکتے ہیں۔** (مستقل کے نیچے خالی ڈبے کی طرف اشارہ کریں) | -چار واضح اطراف<br>-کونے تقریباً 90°<br>-متوازی تقریباً برابر اطراف | | | | |

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| | | |

## 10: ادراک پذیر لغت

مواد: شیٹ نمبر 3

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | **میں اب آپ سے تصویروں کے بارے میں سوالات کروں گا/گی** (بچے کے سامنے ذخیرہ الفاظ کی شیٹ نمبر 2 رکھیں اور ہر تصویر کی طرف اشارہ کریں) **ہر تصویر کی طرف دیکھیں اور پھر جو میں بول رہا/رہی ہوں اس تصویر کی طرف اشارہ کریں۔** | درست جوابات | درست (1) | غلط(0) | اگر بچہ کہے کہ میں نہیں جانتا یا کوئی جواب نہ دے (99) |
| 10a | **ڈبے کے اوپر گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کریں۔** | بچہ ڈبے کے اوپر گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کرتا ہے | | | |
| 10b | **ڈبے کے نیچے گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کریں۔** | بچہ ڈبے کے نیچے بنی ہوئی گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کرتا ہے | | | |
| 10c | **ڈبے کے سامنے گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کریں۔** | بچہ ڈبے کے سامنے بنی گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کرتا ہے | | | |
| 10d | **ڈبے کے اندر گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کریں۔** | بچہ ڈبے کے اندر بنی گیند والی تصویر کی طرف اشارہ کرتا ہے | | | |

## 11۔ زبانی گنتی

اشیا/ مواد: کچھ بھی نہیں

اشارہ: اگر ضروری ہو تو بتائیں کہ اس کے بعد کیا آتا ہے؟ آخری نمبر بولیں۔

رکنے کا اصول: جب بچہ غلط نمبر بولے یا 30 تک پہنچ جائے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | کہیں / بولیں: **اب ہم گنتی کی کچھ کھیلیں کھیلیں گے۔ پہلی کھیل اونچی آواز میں گنتی گننا ہے کہ آپ کتنا زیادہ گن سکتے ہیں؟ ایک سے شروع کریں۔** | درست جوابات | سب سے بڑا نمبر جو گنا گیا | رکنے کا اصول استعمال ہوا | بچے کہہ کر مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے |
| | | بچہ ٹھیک سے گنے | | | |

## 12: سیٹ بنانا

اشیا: گنتی کے لیے 20 اشیا جو ایک ہی حجم کی ہوں مثلاً کنکر یا بوتلوں کے ڈھکن۔ لڑھکنے والی اشیا نہ ہوں اور نہ ہی کوئی کھانے والی چیز ہو۔

ترغیب: اگر بچہ تمام اشیاء گنتا ہے یا ایک ڈھیر بناتا ہے اور یہ واضح نہ ہو کہ وہ آپ کو دے رہا ہے یا نہیں تو پھر آپ اُس سے کہو کہ کیا یہ میرے لیے ہے؟

رکنے کا اصول: اگر بچہ آپ کو 3 یا 6 اشیا نہ دے پائے تو اگلے کام کی طرف بڑھیں۔ اگر بچہ صرف پہلا ہدف پورا نہ کر پائے تو اگلے دو کی طرف بڑھیں۔

| | | درست جوابات | سب سے بڑا نمبر جو گن گیا | رکنے کا اصول استعمال ہوا | بچے نے کہا کہ مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے |
|---|---|---|---|---|---|
| 12a | بچے کے سامنے گنتی کے لیے 20 اشیا رکھیں۔<br>بچے سے کہیں کہ 3 چیزیں نکالو | 3 اشیا کو الگ کر لیتا ہے | | | |
| 12b | بچے کے سامنے 20 اشیا بے ترتیب رکھ دیں۔<br>اب بچے سے کہیں کہ 6 چیزیں نکالو۔ | 6 اشیا کو الگ کر لیتا ہے | | | |
| 12c | دوبارہ 20 اشیا کو بے ترتیب رکھ دیں۔<br>اب اس سے 14 اشیا نکالنے کو کہیں۔ | 14 اشیا کو الگ کر لیتا ہے | | | |

## 13: اعداد کی پہچان

مواد: شیٹ 4 اعداد کی پہچان اور ایک سادہ کاغذ کالم کو ڈھانپنے کے لئے

ترغیب: اگر بچہ 5 سیکنڈ جواب نہیں دیتا تو اگلے عدد کی جانب بڑھیں اور کہیں کہ اب ہم یہ کرتے ہیں۔

رکنے کا اصول: اگر بچہ پہلے کالم میں کوئی بھی عدد صحیح نہیں بتاتا تو اگلے کالم کی طرف نہ جائیں۔

| بچے کو کچھ نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) | غلط (0) | درست (1) | بچے کے سامنے شیٹ 4 اعداد کی پہچان رکھیں۔ سادہ کاغذ کی مدد سے دائیں کالم کو ڈھانپ دیں۔ بچے سے کہیں کہ وہ بائیں کالم کے پہلے عدد پہ انگلی رکھے اور آپ اس سے پوچھیں یہ کون سا عدد ہے؟ (بچہ بائیں کالم میں اعداد پر اشارہ کرتے ہوئے نیچے کی جانب جائے) | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2 | | 13a |
| | | | 7 | | 13b |
| | | | 10 | | 13c |
| | | | 8 | | 13d |
| | | | 5 | | 13e |
| جب بچہ بائیں جانب کا کالم ختم کرے تو آپ بائیں کالم پر سادہ صفحہ رکھ کر چھپا دیں اور دائیں طرف کے پہلے عدد سے شروع کریں۔ **یہ کون سا عدد ہے؟** | | | | | |
| | | | 13 | | 13f |
| | | | 17 | | 13g |
| | | | 12 | | 13h |
| | | | 14 | | 13i |
| | | | 20 | | 13j |

وضاحت کریں اگر رکنے کا اصول استعمال ہوا

## نمبر 14: اعداد کا موازنہ

اشیا: کوئی نہیں

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

| | | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچے کو کچھ نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | اب میں آپ سے اعداد کے بارے میں سوالات پوچھوں گی۔ اب ان الفاظ پر زور دیں۔ زیادہ / بڑا / تھوڑا / چھوٹا۔ | | | | |
| 14a | کون سا عدد بڑا / زیادہ ہے؟ 3 یا 5 | 5 | | | |
| 14b | 14b کون سا عدد بڑا ہے؟ 6 یا 8 | 8 | | | |
| 14c | 14c کون سا عدد چھوٹا / کم ہے؟ 4 سے 7 | 4 | | | |

## نمبر 15 سادہ جمع

اشیا: دس چھوٹی اشیا جو گننے کے کام آسکتی ہیں۔ (مثلاً کنکر یا بوتل کے ڈھکن)

کھانے پینے والی اشیا یا لڑھکنے والی اشیا نہ ہوں۔

ترغیب: اگر بچہ ایک، دو، تین، چار، پانچ گن لے تو اس سے پوچھیں کہ "اب تمہارے پاس کتنے ہو جائیں گے۔"

رُکنے کا اُصول: کوئی نہیں ہے


| | | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچے کو کچھ نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | اگر بچہ تعداد کو انگلیوں پر دکھا دے تو اسے کہیں کہ "آپ بول سکتے ہیں؟" اب میز پر 10 اشیا گنتی کے لیے رکھیں۔ اب میں اعداد کے بارے میں آپ سے سوال کروں گی۔ یہ آپ کے لیے اشیا پڑی ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو ان کو بھی استعمال کر لیں۔ اب غور سے سوال سنیں۔ | | | | |
| 15a | اگر آپ کے پاس 2 چیزیں ہیں اور میں آپ کو ایک اور دے دوں تو آپ کے پاس کل کتنی ہو جائیں گی؟ | "تین" کہے | | | |
| 15b | اگر آپ کے پاس 3 اشیا ہیں اور میں 2 اور دے دوں تو آپ کے پاس کل کتنی ہو جائیں گی؟ | "پانچ" کہے | | | |
| 15c | اگر آپ کے پاس 4 گیند ہیں اور میں 2 گیند اور آپ کو دے دوں تو کل کتنی گیندیں ہو جائیں گی؟ | "چھ" کہے | | | |



## نمبر16　ذہنی تبدیلی



اشیا:　　شیٹ نمبر 5 ذہنی تبدیلی

رکنے کا اصول:　　کوئی نہیں

آزمائش: اس کھیل میں ہم کچھ پوری اشکال دیکھیں گے اور کچھ کے حصے۔ ان حصوں کو دیکھیں (دو ٹکڑوں والی شکل کی طرف اشارہ کریں) ان ان اشکال کی طرف دیکھیں (اب تمام اشیا کی طرف اشارہ کریں) اگر آپ ان حصوں کو اکٹھا جوڑیں گے تو ان کی ایک مخصوص شکل بن جائے گی۔ اگر بچہ درست جواب دے تو کہیں "آپ کا جواب درست ہے" چلیں اب اور ٹکڑے دیکھتے ہیں۔ اگر جواب غلط ہے تو آپ ٹکڑوں کی طرف اشارہ کر کے بولیں کہ جب آپ ان کو اکٹھا جوڑیں گے تو یہ ایک مکمل شکل بنے گی۔ (انگلیوں کے ساتھ ٹکڑوں کو مکمل شکل میں ڈھالیں)



| | | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16a | ان ٹکڑوں کی طرف دیکھیں۔ (2 ٹکڑوں کی طرف اشارہ کریں)<br>اب ان ٹکڑوں کی طرف دیکھیں۔ (چار ٹکڑوں کی طرف اشارہ کریں)<br>اگر آپ ان ٹکڑوں کو جوڑیں تو ان میں سے ایک شکل بنے گی۔<br>(اُس شکل کی طرف اشارہ کریں جو ٹکڑوں سے مل کر بنی) |  | | | |
| 16b | شکل کی طرف اشارہ کریں۔ (چاروں حصوں کی طرف اشارہ کریں)<br>اس شکل کی طرف اشارہ کریں جو ان ٹکڑوں سے مل کر بنی ہے۔<br>(اپنا ہاتھ 2 ٹکڑوں والے حصے کے اوپر لہرائیں) |  | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16c | شکل کی طرف اشارہ کریں۔(چاروں حصوں کی طرف اشارہ کریں)<br>اس شکل کی طرف اشارہ کریں جو ان ٹکڑوں سے مل کر بنی ہے۔<br>(اپنا ہاتھ 2 ٹکڑوں والے حصے کے اوپر لہرائیں) |  | | | |
| 16d | شکل کی طرف اشارہ کریں۔(چاروں حصوں کی طرف اشارہ کریں)<br>اس شکل کی طرف اشارہ کریں جو ان ٹکڑوں سے مل کر بنی ہے۔<br>اپنا ہاتھ 2 ٹکڑوں والے حصے کے اوپر لہرائیں۔ |  | | | |

## نمبر 17　سر، پاؤں، گھٹنوں اور کندھوں کا کام

اشیا:　کوئی نہیں

رکنے کا اصول:

اگر بچے تین مرتبہ دھرانے پر درست جواب نہ دے تو سر، پاؤں والا حصہ چھوڑ دیں اور اگلے کام کی طرف بڑھیں۔

اگر بچہ سر اور پاؤں والے جائزہ میں ایک کا بھی درست جواب نہ دے تو اس کام کو چھوڑ کر اگلے کام کی طرف بڑھیں۔

**مشق :** اب ہم ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ غور سے سنیں جو میں بولوں۔ ‘‘اپنے سر کو چھوئیں’’۔ شمار کنندہ اپنے دونوں ہاتھ سر پر رکھے۔ اب انتظار کریں جب تک بچہ اپنے دونوں ہاتھ سر پر رکھے۔ "شاباش! اب اپنے پیروں کو چھوئیں۔" شمار کنندہ اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے پیر چھوئے۔ اب انتظار کریں جب تک بچہ اپنے دونوں پیروں کو ہاتھ لگائے۔

اب ہم کچھ الگ کام کریں گے۔ میں جو کچھ کہوں گی آپ اس کے الٹ کریں گے۔ جب میں کہوں گی کہ اپنے سر کو چھوئیں تو آپ اپنے پیروں کو چھوئیں گے۔ جب میں بولوں گی کہ اپنے پیروں کو چھوئیں تو آپ اپنے سر کو ہاتھ لگائیں گے (جو کچھ میں کہوں گی آپ نے اس کے الٹ کرنا ہے)

‘‘اپنے سر کو چھوئیں’’۔ پوچھنے والا اپنے پیروں کو نہیں چھوئے گا۔

کہیں / بولیں: جب بچہ درست جواب دے تو بولیں ‘‘جواب درست ہے’’ اگر بچہ غلط جواب دے تو تین مرتبہ وضاحت کریں اور دوبارہ جائزہ شروع کریں۔ یاد رکھیں جب میں کہوں کہ اپنے سر کو چھوئیں تو آپ نے اپنے پیروں کو ہاتھ لگانا ہے۔

نوٹ:　آپ نے اپنے پیر اور سر کو نہیں چھونا۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | اب ہم کھیل شروع کریں گے۔ میں جو کچھ کہوں اُسے غور سے سننا ہے اور اس کے الٹ کرنا ہے۔<br>(اس دوران آپ نے اپنے سر اور پاؤں کو نہیں چھونا اور نہ ہی کوئی اس قسم کا اشارہ دینا ہے جس سے بچے کو جواب کا اشارہ ملے) | درست جوابات | درست(2) | Self-correct (1) | غلط(0) | کچھ کر کے نظر نہیں آتا یا جواب نہ دے(99) |
| 17a | اپنے سر کو ہاتھ لگائیں۔ | پاؤں چھوئے | | | | |
| 17b | اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر چھوئے | | | | |
| 17c | اپنے پیروں کو چھوئیں۔ | سر چھوئے | | | | |
| 17d | اپنے سر کو ہاتھ لگائیں۔ | پاؤں چھوئے | | | | |
| 17e | اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر چھوئے | | | | |
| | وضاحت کریں اگر جانچ سے پہلے رُکنے کا اُصول استعمال ہوا۔<br>وضاحت کریں اگر جانچ کے بعد رُکنے کا اُصول استعمال ہوا۔ | | | | | |

اب بولیں کہ ابھی جو آپ نے کہا ہے اس میں کچھ اور حصہ بھی شامل کرتے ہیں۔ اب آپ کندھوں اور گھٹنوں کو بھی ہاتھ لگائیں گے۔" پہلے اپنے کندھوں کو ہاتھ لگائیں" کچھ دیر کے لیے انتظار کریں کہ بچہ اپنے کندھوں کو چھو سکے۔ اب بولیں کہ اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں۔ آپ اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں اور پھر انتظار کریں کہ بچہ بھی اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر لگائے۔

اب ہم کچھ الگ کریں گے۔ آپ نے اُسی طرح کرنا ہے جیسے پہلے کیا تھا۔ اس مرتبہ جب میں کہوں کہ اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں تو آپ نے کندھوں کو ہاتھ لگانا ہے اور جب میں کہوں کہ آپ اپنے کندھوں کو ہاتھ لگائیں تو آپ نے گھٹنوں کو ہاتھ لگانا ہے۔ اب ہم یہ کھیل کھیلیں گے۔ غور سے سنیں اور الٹا کریں۔ اپنے کندھوں کو ہاتھ لگائیں۔ (جائزہ کار نے خود ہاتھ نہیں لگانا) اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں۔

| | **ہدایات:** اب آپ کو تمام حصوں کا پتہ ہے۔ اب ہم تمام حصوں کو ملا کر چھوئیں گے۔ آپ نے الٹا کرتے جانا ہے۔ اب میں چار چیزیں اکٹھا بولوں گی۔ اگر میں کہوں کہ اپنے سر کو ہاتھ لگائیں تو آپ پیروں کو چھوئیں گے۔ اگر میں کہوں کہ اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں تو آپ اپنے سر کو ہاتھ لگائیں گے اور اگر میں کہوں کہ اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں تو آپ نے اپنے کندھوں کو چھونا ہے۔ کیا آپ تیار ہیں؟ چلیں کوشش کرتے ہیں۔ | درست جوابات | درست (2) | Self-correct (1) | غلط (0) | بچہ کچھ کرنے نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 17f | اپنے سر کو ہاتھ لگائیں۔ | پاؤں | | | | |
| 17g | اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر | | | | |
| 17h | اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں۔ | کندھے | | | | |
| 17i | اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر | | | | |
| 17j | اپنے کندھوں کو ہاتھ لگائیں۔ | گھٹنے | | | | |
| 17k | اپنے سر کو ہاتھ لگائیں۔ | سر | | | | |
| 17l | اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں۔ | گھٹنے | | | | |
| 17m | اپنے گھٹنوں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر | | | | |
| 17n | اپنے کندھوں کو ہاتھ لگائیں۔ | گھٹنے | | | | |
| 17o | اپنے پیروں کو ہاتھ لگائیں۔ | سر | | | | |

## نمبر 18 ہندسوں کا دورانیہ

اشیا: کوئی بھی نہیں

نوٹ: اگر بچہ کوئی غلطی کرتا ہے تو بچے کو مشق کے لیے درست جواب بتائیں۔

رکنے کا اصول: کچھ بھی نہیں

**مشق / آزمائش:** اس کھیل میں نمبروں کی ایک فہرست بولوں گی۔ نمبر سننے کے بعد میں چاہتی ہوں کہ آپ بھی اسی ترتیب سے نمبر دہرائیں۔ اگر میں کہوں 7-6 تو آپ کہیں 7-6۔ اب آپ کوشش کریں۔ غور سے سنیں۔ ہر نمبر کی ترتیب کے درمیان ایک سیکنڈ کا وقفہ کریں۔ مثال کے طور پر 4 وقفہ 2۔ کہیں: 4-2 بچے کے جواب کا انتظار کریں۔ اگر بچہ ایک غلطی کرے تو اسے درست جواب بتائیں اور اگر بچہ درست جواب دے تو کہیں "بہت اچھا"

**کہیں:** 6-1-3 اب بچے کے جواب کا انتظار کریں۔ اگر بچہ ایک غلطی کرے تو اسے درست جواب بتائیں۔ اگر بچہ درست جواب دے تو اس کو "شاباش" دیں۔ اچھا اب ہم مزید کچھ کرتے ہیں۔ غور سے سنیں اور بہترین کوشش کریں۔ نمبروں کی ترتیب میں ایک سیکنڈ کا وقفہ کریں۔

اعداد کی فہرست کو مت دہرائیں۔ اگر بچہ کہے کہ دہرائیں تو آپ کہیں کہ میں نہیں دہرا سکتی۔ آپ کوشش کریں۔

| | اب ہم یہ دہرائیں گے دھیان سے سنیئے۔<br>ہر نمبر کی ترتیب کے درمیان ایک سیکنڈ کا وقفہ کریں۔ | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 18a | 1----6 | 1----6 | | | |
| 18b | 5-2-8 | 5-2-8 | | | |
| 18c | 8-3-1-4 | 8-3-1-4 | | | |
| 18d | 1-2-4-7-3 | 1-2-4-7-3 | | | |

## 19: الٹی گنتی / الٹے اعداد

اشیا: کچھ بھی نہیں

ہدایات: اگر بچہ غلطی کرے تو بچے کو دہرائی کے وقت درست جواب بتائیں۔

رکنے کا اصول: کوئی بھی نہیں۔

**مشق:** اب ہم ایک نئی کھیل کھیلیں گے۔ میں اعداد کی ایک فہرست پڑھوں گی اور آپ اس کو الٹا پڑھنا ہے اگر میں کہوں 1، 2 تو آپ 2، 1 کہیں گے۔
اگر بچہ درست جواب دے تو آپ اسے شاباش دیں۔ اگر بچہ درست جواب نہ دے تو آپ کہیں کہ اگر میں 1، 2 بولوں تو آپ نے 2، 1 بولنا ہے۔
ایک اور کوشش کرتے ہیں۔ 4-8-3

اگر بچہ درست جواب دے تو کہیں "شاباش"

اگر بچہ درست جواب نہ دے تو آپ بتائیں کہ جب میں 4-8-3 بولوں تو آپ نے 3-8-4 کا جواب دینا ہے۔

| | میں جو بھی کہوں آپ اُس عدد سے اُلٹی گنتی گننا شروع کریں گے۔<br>ہر نمبر کی ترتیب کے درمیان ایک سیکنڈ کا وقفہ کریں۔ | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچے کو کچھ نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 19a | 4-----1 | 1-----4 | | | |
| 19b | 8-8-2 | 8-8-2 | | | |
| 19c | 4-8-2-7 | 7-2-8-4 | | | |
| 19d | 5-1-6-3-8 | 8-3-6-1-5 | | | |

# نمبر 20　پنسل کا کھیل

اشیا:　لکڑی کا ایک ٹکڑا 6 انچ لمبا اور 4 / 1 انچ قطر کا یا کوئی پنسل کا ٹکڑا۔

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

ایک ہاتھ میں پنسل پکڑیں اور بچے کو بتائیں کہ ہم اب ایک کھیل کھیلیں گے۔ پنسل کے ساتھ ایک مرتبہ میز کو بجائیں۔ اب بچے کو پنسل پکڑائیں اور اسے کہیں کہ ایک مرتبہ میز کو بجائے۔ اب آپ ایک مرتبہ میز کو بجائیں اور اس عمل کو دہراتے رہیں جب تک بچہ ایک مرتبہ پنسل کے ساتھ میز بجانہ لے۔ جب بچہ کامیابی کے ساتھ ایک مرتبہ میز بجالے تو اس سے پنسل واپس لے کر دو مرتبہ میز بجائیں۔ اب آپ بچے کو پنسل واپس دیں اور اس سے کہیں کہ اب آپ میز کو دو مرتبہ بجائیں۔ اس عمل کو اسی طرح دہراتے رہیں جب تک بچہ دو مرتبہ میز کو بجانہ لے۔

**مشق:** اصول نمبر 1: اب ہم کھیل کھیلنے کے لیے تیار ہیں۔ جب میں ایک مرتبہ بجاؤں (آپ ایک مرتبہ بجا کر دکھائیں) تو آپ نے دو مرتبہ بجانا ہے اس عمل کو دہراتے رہیں جب تک بچہ کامیابی کے ساتھ دو مرتبہ بجانہ لے۔

بولیں:　کھیل کھیلنے کے لیے تیار ہیں۔

**مشق 1:**　میز ایک مرتبہ بجائیں اور پنسل بچے کو دے دیں۔ بچے کے عمل کو 20a میں درج کریں۔ اگر بچے نے درست طریقے سے کیا ہے تو بچے کی تعریف کریں اور آگے بڑھیں۔ اگر بچے نے غلط عمل کیا ہے یا بالکل جواب نہیں دیا۔ تو مزید دہرائی کروائیں۔

**مشق 2:**　میز کو دو مرتبہ بجائیں اور پنسل بچے کو دیں اور اس کا رد عمل 20b میں درج کریں۔ اگر بچہ درت جواب دے تو اس کی تعریف کریں اور 20b کے جائزے کی طرف جائیں۔ اگر بچہ غلط رد عمل کا اظہار کرے یا بالکل جواب نہ دے تو پھر درج ذیل طریقے سے دہرائی کروائیں۔

**مشق:** اگر بچہ غلط جواب دے یا بالکل کوئی جواب نہ دے تو بچے کو دونوں اصول یاد کروائیں۔ پہلے اصول سے شروع کریں تا کہ بچہ سمجھ سکے۔ اگر بچہ جائزہ نمبر 1 اور 2 دہرانے کے بعد تیسری مرتبہ بھی غلط جواب دے تو اگلے جائزے 20c کی طرف بڑھیں۔ بچے کو دوبارہ اصول نہ بتائیں اور آگے بڑھیں۔

| | | شمار کنندہ بجاتا ہے | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچے کو کچھ نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 20a | پہلی دہرائی | 1 | 2 | | | |
| 20b | دوسری دہرائی<br>چلیں کچھ اور کرتے ہیں۔ | 2 | 1 | | | |
| 20c | دو مرتبہ بجائیں اور پنسل بچے کو دیں جواب کے لیے | 2 | 1 | | | |
| 20d | دو مرتبہ بجائیں اور بچے کو پنسل دیں۔ | 1 | 2 | | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 20e | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |
| 20f | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |
| | | شمار کنندہ بجاتا ہے | درست جوابات | درست (1) | غلط (0) | بچہ کچھ کر نہیں پایا جواب نہ دے (99) |
| 20g | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20h | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف برھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20i | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف برھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20j | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |
| 20k | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20l | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |
| 20m | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |
| 20n | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20o | ایک مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 1 | 2 | | | |
| 20p | دو مرتبہ بجائیں اور جواب کے لیے پنسل بچے کی طرف بڑھائیں۔ | 2 | 1 | | | |

# 21: نقطہ نظر

اشیا: روتے ہوئے لڑکے کی تصاویر کے کارڈز

رکنے کا اصول: کوئی بھی نہیں

| | | درست جوابات | درست جواب (1) | غلط (0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| | تصاویر دکھائیں۔ | | | | |
| 21a | اب ہم اس تصویر کی طرف دیکھتے ہیں سوچیں کہ یہ لڑکا ایک دوست ہے اور گر گیا ہے اور اسے چوٹ لگی ہے۔<br>اب آپ سوچیں کہ اس کو کیسا لگ رہا ہو گا۔ "وہ رو رہا ہے"۔ "ہاں وہ رو رہا ہے"۔ آپ سوچیں کہ اس کو کیسا لگ رہا ہو گا؟ (بچہ جذبات کے نام درست لے۔ بچہ کہے اُداس ہے، ناراض ہے یا دوسرے منفی جذبات) اگر بچہ کہے کہ لڑکا رو رہا ہے تو یہ درست جواب نہیں ہے۔ | جوابات لکھیے | | | |
| 21b | کہیں: آپ اس کے ساتھ کیا کریں گے کہ وہ بہتر محسوس کرے؟ بچہ ان سے ملتے جلتے جواب بنائے گا: اس کو ساتھ لگائیں، کسی کو مدد کے لیے بلائیں، بچے کو کھلونا دیں، بچے کو اٹھنے میں مدد دیں، کوئی اچھی بات کہیں۔ یا اس کو کہیں "معاف کیجئے"۔ ثقافتی اقدار کے لیے یہ حل مناسب ہونا چاہیے۔ | جوابات لکھیے | | | |
| 21c | بچے کو Prompt کرنے کے لیے فوری طور پر کہیں کہ اس کے علاوہ کچھ اور آپ کر سکتے ہیں؟ یا کوئی دوسرا خیال ہو کہ وہ کچھ بہتر محسوس کر سکے؟ (مثلاً ساتھ لگائیں، کسی کو مدد کے لیے بلائیں، کھلونا دیں، بچے کو اٹھنے میں مدد کریں، کوئی اچھی بات کہیں، معاف کیجیے کہیں۔ | جوابات لکھیے | | | |

## 22: جذبات کو سمجھنا

اشیا: کوئی نہیں

رکنے کا اصول: کوئی نہیں

| | ہدایات: | درست جوابات | درست جواب (1) | غلط (0) | بچہ کہے کہ مجھے نہیں آتا یا جواب نہ دے (99) |
|---|---|---|---|---|---|
| 21a | کہیں: اب میں آپ سے ایک سوال پوچھوں گی کہ آپ مجھے بتائیں کہ کون سی چیز آپ کو خاموش کرتی ہے۔ | غمگین ہونے کی کوئی ایک وجہ بتائیں۔<br>کھلونا گم ہو گیا<br>زخمی ہو گئے<br>کسی بچے سے لڑائی ہو گئی | | | |
| | جوابات لکھیئے۔ | | | | |
| 21b | کہیں: مجھے یہ بتائیں کہ کس قسم کی چیزیں آپ کو خوش کرتی ہیں؟ | خوش ہونے کی کوئی ایک وجہ بتائیں۔<br>مثلاً کھیلنے کے لیے اجازت مل گئی۔<br>ٹرپ پہ جا رہے ہیں۔<br>رات کے وقت کھانے میں پسندیدہ چیز مل گئی | | | |